اللہ عز و جل پر ایمان

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُودٍ رضي الله عنه قال:سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الذَّنْبِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ: «أَنْ تَجْعَلَ للّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ» قُلْتُ: إِنَّ ذَلِكَ لَعَظِيمٌ، قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: «وَأَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ؛ تَخَافُ أَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ» قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: «أَنْ تُزَانِيَ حَلِيلَةَ جَارِكَ».

[صحيح] - [متفق عليه] - [صحيح البخاري - 4477][**صحيح**] - [متفق عليه] - [صحيح البخاري - 4477]

https://hadeethenc.com/ur/browse/hadith/5359

اللہ عز و جل پر ایمان

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں :میں نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا کہ کون سا گناہ سب سے بڑا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا : "سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ تو اللہ کا شریک بنائے، حالاں کہ اس نے تجھے پیدا کیا ہے"۔ میں نے پوچھا کہ اس کے بعد کون سا گناہ سب سے بڑا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا : "تو اپنے بچے کو اس ڈر سے مار دے کہ وہ تیرے ساتھ کھانے میں شریک ہو گا"۔ میں نے پوچھا کہ اس کے بعد کون سا گناہ سب سے بڑا

ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا : "تو اپنے پڑوسی کی بیوی سے زنا کرے"۔

[صحيح] - [متفق عليه] - [صحيح البخاري - 4477]

https://hadeethenc.com/ur/browse/hadith/5359

Allah aza wa jal par eman

Abdullah bin masud رضی اللہ عنہ se riwayat hai, woh kehte hai : Me ne rasul Allah ﷺ se daryaft kiya ke kaun sa gunah sab se bada hai? Aap ﷺ ne farmaya :

"Sab se bada gunah ye hai ke tu Allah ka sharik banae, halake usne tujhe payda kiya hai". Me ne pucha ke uske bad kaunsa gunah sabse bada hai? Aap ﷺ ne farmaya : "tu apne bache ko is dar se mar de ke woh tere sat khane me sharik hoga". Me ne pucha ke uske bad kaunsa gunah sabse bada hai? Aap ﷺ ne farmaya : "tu apni padosi ki biwi se zina kare" [Sahih Bukhari - 4477]

حدیث کے کچھ فوائد

Hadith ke kuch fawaid

- 1- گناہ چھوٹے بڑے ہوتے ہیں، جس طرح کہ اچھے اعمال کی فضیلت میں کمی بیشی ہوتی ہے۔

1- Gunah chote bade hote hai, jis tarah ke ache amal ki fazilat me kami beshi hoti hai.

2- سب سے بڑا گناہ اللہ کا شریک ٹھہرانا، پھر ساتھ میں کھانا کھانے کے ڈر سے اولاد کا قتل کرنا اور پھر پڑوسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرنا ہے۔

2- Sabse bada gunah Allah ka sharik therana, phir sat me khana khane ke dar se aulad ka qatal karna aur phir padosi ki biwi ke sat zina karna hai.

- 3- روزی اللہ کے ہاتھ میں ہے اور اللہ نے ساری مخلوقات کو روزی دینے کی ذمے داری خود اپنے اوپر لے رکھی ہے۔

3- Rozi Allah ke hat me hai aur Allah ne sari makhluqat ko rozi dene ki zime dari khud apne upar le rakhi hai.

- 4- پڑوسی کے حق کی اہمیت اور اس بات کی وضاحت کہ پڑوسی کو اذیت دینا دوسرے کو اذیت دینے سے بڑا گناہ ہے۔

4- Padosi ke haq ki ahmiyat aur is bat ki wazahat ke padosi ko aziyat dena dusre ko aziyat dene se bada gunah hai.

- 5- صرف خالق ہی عبادت کا حق دار ہے۔ کوئی اور نہیں۔

5- Sirf Khaliq hi ibadat ka haqdar hai. Koi aur nahi.

ترجمہ شدہ نبوی حدیثوں کا انسائیکلوپیڈیا

https://hadeethenc.com/ur/browse/hadith/5359

(Roman Urdu Translation by Faiz, 1447shukr@gmail.com)